## الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے موقع پر نائن زیرو عزیز آباد اور
## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں دنیا بھر سے مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے

کراچی ۔۔۔20، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر سے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کی جانب سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں مبارکباد کے پیغامات اور کارڈز موصول ہوئے ہیں۔ جناب الطاف حسین کے نام موصول ہونے والے یہ پیغامات اور کارڈز فون، فیکس، ای میل اور بذریعہ پوسٹ موصول ہوئے ہیں جن میں جناب الطاف حسین کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کی گئی ہے اوران سے والہانہ عقیدت ومحبت کا اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے۔ جناب الطاف حسین کو 55ویں سالگرہ کی مبارکباد دینے والوں میں مختلف مذاہب، مکاتب فکر، مسالک، عقائد اور پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں۔ان افراد نے اپنے پیغامات میں جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کو پاکستان میں جمہوریت کے فروغ، ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کے حصول اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کے لئے امید کی کرن قرار دیا ہے اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وعافیت کیلئے دعا بھی کی گئی ہے۔

## طالبان پاکستان کو ترقی کے جدید عہد میں نہیں بلکہ پتھروں کے دور میں لے جانا چاہتے ہیں۔سلیم شہزاد
## قائد تحریک الطاف حسین نے مذہبی رواداری کی بات کی ہے مگر ان پر طرح طرح کے فتوے لگائے جارہے ہیں
## طالبان کی جانب سے اسلام کے نام پر بے گناہ شہریوں کا قتل قابل مذمت ہے۔ڈاکٹر سلیم دانش
## ایم کیوایم یوکے ایسٹ لندن یونٹ کے زیراہتمام افطار پارٹی سے خطاب

لندن ۔۔۔20 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ طالبان پاکستان کو ترقی کے جدید عہد میں نہیں بلکہ پتھروں کے دور میں لے جانا چاہتے ہیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم یوکے ایسٹ لندن یونٹ کے زیراہتمام ایسٹ لندن کے مقامی ہال میں منعقد کی جانے والی ایک افطار پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ افطار پارٹی میں ایم کیوایم یوکے یونٹ کے کارکنوں اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی جن میں نوجوانوں اور بزرگوں کے علاوہ خواتین بھی شامل تھیں۔ افطار پارٹی سے ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد، یوکے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ریحان عباسی اور ایسٹ لندن یونٹ کے یونٹ انچارج فیصل خانزادہ نے بھی خطاب کیا۔افطار پارٹی سے اپنے خطاب میں رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ پاکستان کی سلامتی اور ترقی اور ملک کی بہتری کی بات کی مگر یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ جو ملک کی بقاء اور عوام کی بہتری کیلئے سوچتے ہیں وہی غدار کہلائے جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ملک میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی بات کی ہے مگر مذہبی انتہاپسند عناصر کی جانب سے ان پر طرح طرح کے فتوے لگائے جارہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہم طالبانائزیشن کے خلاف ہیں کیونکہ طالبان پاکستان کو ترقی کے جدید عہد میں نہیں بلکہ پتھروں کے دور میں لے جانا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ ایک حقیقت ہے کہ آج اگر پاکستان کو کوئی بچا سکتا ہے اور ترقی کی راہ پر لے جاسکتا ہے تو وہ صرف قائدِتحریک جناب الطاف حسیں بھائی ہیں۔سلیم شہزاد نے ایسٹ لندن یونٹ کے کارکنوں اور ذمہ داروں کو شاندار افطار پارٹی کا اہتمام کرنے پر مبارکباد دی اور حاظرین سے کہا کہ وہ ایم کیوایم میں شامل ہو کر حق پرستی کی تحریک میں اپنا کردار ادا کریں۔ یوکے یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو اندرونی اور بیرونی خطرات کا سامنا ہے جس کے بارے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین عوام کو پہلے ہی آگاہ کر چکے ہیں۔ انہوں نے پاکستان میں طالبان کی جانب سے دہشتگردی کی کارروائیوں اور اسلام کے نام پر بے گناہ شہریوں کے قتل کی شدید مذمت کی۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنے والے عناصر ملک کے دوست نہیں ہوسکتے۔ یوکے یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد نے خطاب کرتے ہوئے ایسٹ لندن یونٹ کے کارکنوں اور حق پرست عوام سے التماس کی کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کو زیادہ سے زیادہ زکوۃ اور فطرانہ دے کر دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا کردار ادا کریں۔ایم کیوایم یوکے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ریحان عباسی نے ایسٹ لندن یونٹ کو شاندار دعوت افطار کا اہتمام کرنے پر مبارک باد دی ایسٹ لندن یونٹ کے یونٹ انچارج فیصل خانزادہ نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن ارشد حسین کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ UC4 کے کارکن ارشد حسین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن ارشد حسین بہیمانہ تشدد کے باعث انتقال کر گئے

## پانچ روز قبل مسلح دہشت گردوں نے اغواء کر کے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا تھا

## ارشد حسین کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔20، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 4 کے کارکن ارشد حسین کئی روز تک زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد آج اسپتال میں چل بسے۔تفصیلات کے مطابق ارشد حسین کو 5 روز قبل مسلح دہشت گردوں نے اغواء بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا تھا اور شدید زخمی کر کے بے ہوشی کی حالت میں سڑک پر پھینک کر فرار ہوگئے تھے۔ارشد حسین کو شدید زخمی حالت میں جناح اسپتال پہنچایا گیا تھا جہاں وہ کئی دن تک زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہے اور ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور آج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ارشد حسین شہید کی عمر 28 سال تھی اور ان کے سوگواران میں والدین، چار بہنیں اور تین بھائی شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن ارشد حسین کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مسلح دہشت گردوں کی جانب سے اغواء، وحشیانہ تشدد اور قتل کی وارداتیں کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ارشد حسین کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔رابطہ کمیٹی نے ارشد حسین شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم لانڈھی اور سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن اسلم کی صاحبزادی محترمہ ثناء اور ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 4 کے کارکنان اویس اور فہیم کے والد نسیم احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆